© rasailojaraid.com

# مسلمانوں کے لیے مشن

## روسی مسلمانوں کے لیے پہلا عیسائی مشن

سوویت وسطی ایشیا میں باپٹسٹ اور پینٹے کوسٹل کے مذہبی اجتماعات نے روس کی سب سے بڑی مسلم ریاست کے لیے غالباً پہلا عیسائی مشن تشکیل دیا ہے۔ اگیپ کے نام سے معروف اس بین الجماعتی مشن کی بنیاد سوویت جمہوریہ قازقستان کے دارالحکومت الماآتا میں رکھی گئی اور توقع ہے کہ یہ مشن جمہوریہ کے طول وعرض میں اپنی تبلیغی سرگرمیاں شروع کردے گا۔

اگیپ کے ممبروں کا کہنا ہے کہ انہوں نے پہلے ہی سے متعدد تبلیغی تقریبات کا آغاز کر دیا ہے۔ شروع میں مقامی حکام نے تبلیغی سرگرمیوں کو کئی ہفتوں تک نظر انداز کیا لیکن بتایا جاتا ہے کہ اب انہوں نے مشن کے خلاف دھمکیوں سے چشم پوشی اختیار کر لی ہے۔ (رپورٹ۔ چیلنج ویکلی)

# مشن

## بائیبل کے تقسیم کنندگان اور مترجمین کا اجتماع

بائیبل کے بارہ تقسیم کنندگان اور مترجم ایجنسیوں نے اس بات پر زور دیا ہے کہ بائیبل کے کام پر زیادہ توجہ دی جائے (انگلینڈ میں ہورسلے گریتر کے مقام پر) اپنے پہلے مشترکہ اجلاس میں انہوں نے اپنی تنظیموں سے مطالبہ کیا کہ وہ نقالی اور لاحاصل مقابلے سے بچنے کی کوشش کریں۔ اجلاس میں ایتھوپیا اور فلپائن میں ان پڑھ لوگوں تک پہنچنے کے لیے رہبر منصوبوں کی بھی منظوری دی گئی۔

ایک مشترکہ بیان میں شرکاء نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ بہت سی مشن ایجنسیاں بائیبل کی تقسیم کو اپنے مشن کا جزوِلازم بنائے بغیر کام کررہی ہیں۔ اس طرح اپنے آپ کو امن اس ہتھیار سے لیس کرنے میں لاپرواہی برت رہی ہیں جو ان کے چرچ کے لیے انتہائی فیصلہ کن اہمیت رکھتا ہے۔



© rasailojaraid.com